6th Meeting of the BRICS Counter Terrorism Working Group

July 30, 2021

برکس انسداد دہشت گردی ورکنگ گروپ کا چھٹا اجلاس

30 جولائی، 2021۔

برکس انسداد دہشت گردی ورکنگ گروپ (CTWG) کا 6 واں اجلاس 28-29 جولائی 2021 کو بھارت کے زیر صدارت ورچوئل طریقے سے منعقد کیا گیا۔ وزارت خارجہ میں جوائنٹ سکریٹری برائے انسداد دہشت گردی جناب مہاویر سنگھوی نے اس اجلاس کی صدارت کی۔ تمام برکس ممالک کے انسداد دہشت گردی کے اعلیٰ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

ورکنگ گروپ کی میٹنگ کا بنیادی نتیجہ برکس کاؤنٹر ٹیررازم ایکشن پلان کو حتمی شکل دینا تھا جس میں برکس رہنماؤں کی جانب سے 2020 میں اختیار کی گئی برکس انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی پر عمل درآمد کے لیے مخصوص اقدامات شامل تھے۔ اس ایکشن پلان کا مقصد برکس ممالک کے مابین نتائج پر مبنی تعاون کو مزید مضبوط بنانا ہے جس میں دہشت گردی کی روک تھام اور اس سے لڑنے، بنیاد پرستی، دہشت گردی کی مالی معاونت، دہشت گردوں کے ذریعہ انٹرنیٹ کا غلط استعمال، دہشت گردوں کے سفر پر روک تھام، بارڈر کنٹرول، سافٹ ٹارگیٹ کا تحفظ، معلومات کا تبادلہ، صلاحیت سازی، بین الاقوامی اور علاقائی تعاون وغیرہ جیسے شعبوں میں تعاون کو مضبوط کرنا شامل ہے۔

برکس انسداد دہشت گردی ایکشن پلان ہندوستان کی برکس کی چیئر شپ کے دوران ایک اہم کامیابی ہے اور اسے اگلے ماہ طے شدہ برکس قومی سلامتی مشیروں کی میٹنگ میں اپنایا جائے گا۔

ورکنگ گروپ کے اجلاس کے دوران، دہشت گردی کی جب بھی، جہاں بھی اور جس نے بھی ارتکاب کیا ہو، اس کی ہر شکل اور صورت میں مذمت کرتے ہوئے برکس ممالک نے قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر دہشت گردی کے خطرے کی تشخیص پر بھی تبادلہ خیال کیا اور اس ایکشن پلان کے مطابق انسداد دہشت گردی کے تعاون کو مزید بڑھانے کا عزم کیا۔

برکس انسداد دہشت گردی ورکنگ گروپ کے اجلاس سے پہلے پانچ موضوعاتی ذیلی ورکنگ گروپس کے میٹنگ کا 26-27 جولائی 2021 کو ورچوئل طریقے سے انعقاد کیا گیا، جس میں دہشت گردی کے مقصد کے لیے انٹرنیٹ کا غلط استعمال، بنیاد پرستی سے لڑائی، دہشت گردوں کی مالی معاونت کا مقابلہ، صلاحیت سازی اور غیر ملکی دہشت گرد جنگجوؤں کا مقابلہ شامل تھے۔

نئی دہلی

30 جولائی، 2021۔

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.